مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، مجھے پوچھنا تھا کہ اگر عورت اپنے رمضان کے روزوں کی قضا رکھ رہی ہو اور شوہر صحبت کر لے تو اس کا شرعی کیا حکم ہے؟ ایک قاری صاحب نے بتایا کہ کفارہ ہے، دو مہینے کے روزے یا 60 مسکینوں کو کھانا کھلانا، اگر 60 مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے تو کیا ہم مزدوروں یا جو بھیک مانگ رہے ہوتے ہیں، ان کو کھلا سکتے ہیں، کھانا اگر پارسل میں ہو تو اس کا کوئی حرج تو نہیں مجھے بس اتنا ہی پوچھنا تھا کہ ہر بات کلیئر ہو، جزاک اللہ الخیر

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروزپور لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ ماہِ رمضان میں روزہ رکھ کر توڑنے کے نتیجے میں قضا کے ساتھ کفارہ ماہِ رمضان کی حرمت کی وجہ سے لازم ہوتا ہے اور کفارے کا لزوم خلافِ قیاس فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ہے۔ باقی مہینوں میں، خواہ نفلی روزہ ہو یا رمضان کا قضاء، روزہ رکھنے کے بعد توڑنے کے نتیجہ میں صرف قضا لازم ہوتی ہے، کفارہ لازم نہیں ہوتا۔ لہذا صورتِ مسئولہ میں مذکورہ خاتون پر توبہ و استغفار کے ساتھ ساتھ صرف ایک روزے کی قضا لازم ہوگی، کفارہ لازم نہیں ہوگا۔ البتہ آئندہ جب بھی روزہ رکھنا ہو شوہر کو پہلے سے مطلع کر دیا کرے اور شوہر کو بھی چاہیے کہ اپنی اہلیہ کے قضا روزوں کی ادائیگی میں اس کا ساتھ دے۔

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٠٢/٤٠٤):
"(أو أفسد غير صوم رمضان أداء) لاختصاصها -بهتك رمضان.
(قوله: أو أفسد) أي ولو بأكل أو جماع (قوله: غير صوم رمضان) صفة لموصوف محذوف دل عليه المقام أي صوما غير صوم رمضان فلا يشمل ما لو أفسد صلاة أو حجا وعبارة الكنز صوم غير رمضان وهي أولى أفاده ح (قوله: أداء) حال من صوم وقيد به لإفادة نفي الكفارة بإفساد قضاء رمضان لا لنفي القضاء أيضا بإفساده (قوله: لاختصاصها) أي الكفارة وهو علة للتقييد بالغيرية وبالأداء (وقوله: بهتك رمضان) : أي بخرق حرمة شهر رمضان فلا تجب بإفساد قضائه أو إفساد صوم غيره؛ لأن الإفطار في رمضان أبلغ في الجناية فلا يلحق به غيره لورودها فيه على خلاف القياس." والله تعالى اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ
رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور
۲۰/جمادی الاوّل/۱۴۴۵ھ
2023/12/05ء

الجواب صحیح
۲۰-۵-۱۴۴۵
۰۵-۱۲-۲۰۲۳

الجواب صحیح

دار الافتاء
رقم الافتاء: 161/44
التاریخ: 5/12/23
الجامعۃ الاشرفیۃ

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروزپور لاہور پاکستان